الدرس الثالث
تیسرا درس

أوقات الصلاة
اوقات نماز

① نماز ظہر کا وقت زوال آفتاب سے لے کر ایک مثل سائے تک ہے۔

② نماز عصر کا وقت ایک مثل سائے سے لے کر غروب آفتاب تک۔

③ نماز مغرب کا وقت غروب آفتاب سے لے کر سرخی کے ختم ہونے تک اور یہ وہی سرخی ہے جو غروب آفتاب کے فوراً بعد شروع ہوتی ہے۔

④ نماز عشاء کا وقت سرخی کے غروب سے لے کر آدھی رات تک[1]۔

⑤ نماز فجر کا وقت طلوعِ صبحِ صادق سے لے کر طلوع آفتاب تک ہے۔

[1] واضح رہے کہ رات کے بارہ بجے کو آدھی رات نہیں کہتے بلکہ غروب آفتاب سے طلوع فجر تک کے وقت کا آدھا حصہ آدھی رات ہے کبھی بارہ بجے سے پہلے اور کبھی بارہ بجے کے بعد۔ [مترجم]

أوقات النهي الصلاة
نماز کے ممنوعہ اوقات

چند اوقات ایسے ہیں جن میں نماز پڑھنا جائز نہیں ان کی تفصیل یوں ہے:

۱- نماز فجر کے بعد سورج طلوع ہو کر ایک نیزے پر آنے تک۔ یعنی طلوع آفتاب کے بعد دس منٹ تک۔

۲- جب سورج دوپہر کو بالکل درمیان میں پہنچ جاتا ہے {اس کا سایہ نہ مغرب کی طرف ہوتا ہے اور نہ مشرق کی طرف} یہاں تک کہ سورج مغرب کی طرف ڈھل جائے {اور چیزوں کا سایہ مشرق کی طرف نظر آنے لگے}۔

۳- نماز عصر کے بعد سے لے کر غروب آفتاب تک۔

البتہ اوقات نہی {ممنوعہ} میں وہ نمازیں ادا کرنا جائز ہے جن کے سبب ہوتے ہوں، مثلاً تحیۃ المسجد – نماز جنازہ – سورج گرہن کی نماز – طواف مکمل کرنے کے بعد کی دو رکعات اور وضو کے بعد کی دو رکعات وغیرہ۔

اسی طرح فرض نمازوں کی قضاء بھی جائز ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "جو کوئی نماز بھول گیا یا اس کے وقت میں سو تارہ گیا اس کا کفارہ یہ ہے کہ جب اسے یاد آئے پڑھ لے"۔ [مسلم ۶۸۴ بخاري ۵۷۲]

اسی طرح مکروہ وقت میں سنت فجر ادا کی جاسکتی ہے۔ جس کی ظہر کی سنتیں رہ گئی ہوں وہ انہیں نماز عصر کے بعد ادا کر سکتا ہے۔

أماكن لا تصح الصلاة فيها
جہاں نماز ادا کرنا صحیح نہیں

① قبرستان: آپ ﷺ نے فرمایا: "ساری زمین نماز کے قابل ہے سوائے حمام کے اور قبرستان کے"۔ [ابو داود ۴۹۲، شیخ البانی نے صحیح کہا]۔ البتہ نماز جنازہ قبرستان میں بھی جائز ہے۔

② اسی طرح حمام میں نماز جائز نہیں۔

③ اسی طرح اس جگہ نماز پڑھنا سختی سے ناجائز ہے جہاں انسان قضائے حاجت کرتا ہے۔

④ قبر کی طرف رخ کر کے نماز پڑھنا: حضرت ابو مرثد الغنوی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: قبروں کی طرف نماز نہ پڑھو اور نہ ان پر بیٹھو۔ {صحیح مسلم ۹۷۲}

⑤ اونٹوں کے باڑے میں نماز ادا کرنا جائز نہیں۔

⑥ اسی طرح ناپاک مقامات میں بھی نماز جائز نہیں۔